ہم آپ کی زبان بولتے ہیں

اگر آپ کی ترجیحی زبان انگریزی نہیں ہے تو مدد حاصل کریں

Urdu 08/25

نیو یارک کے رہائشیوں کے لیے جامع اور غیر مشروط معاونت۔

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔

www.nychealthandhospitals.org

میں یہ کیسے یقینی بنا سکتا ہوں کہ میں سمجھتا ہوں کہ ڈاکٹر کیا کہہ رہا ہے؟

+ ایک تربیت یافتہ مترجم کا استعمال کریں
+ سوالات پوچھیں
+ جو بات آپ نے سمجھی تھی، وہ ڈاکٹر کو دُہرا کر بتائیں

یاد رکھیں، اپنے ڈاکٹر کو بتانا ٹھیک ہے کہ آپ کو کچھ سمجھ نہیں آیا تھا۔

زبان کی خدمات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، کال کریں

1-844-692-4692

NYC Health + Hospitals میں، ہم 300 سے زیادہ زبانیں بولتے ہیں بشمول امریکی اشاروں کی زبان (American Sign Language, ASL)۔

اپنی پسندیدہ زبان بولنے والے مترجم کا تقاضا کریں۔ ایک مترجم آپ کو اپنے اور اپنے خاندان کی بہترین دیکھ بھال حاصل کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

جب آپ NYC Health + Hospitals میں آتے ہیں تو ایک ترجمان رکھنا آپ کا حق ہے۔ اور یہ مفت ہے!

مترجم کا استعمال کیوں ضروری ہے؟

مترجم کے ساتھ کام کرنے سے یہ یقینی بنانے میں مدد ملتی ہے:

+ آپ اپنی صحت کی دیکھ بھال کرنے والی ٹیم کے ساتھ معلومات کا اشتراک کر سکتے ہیں
+ آپ کو وہ معلومات مل جاتی ہیں جن کی آپ کو اپنی صحت کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے
+ آپ کو اپنے تمام سوالات کے جوابات مل جاتے ہیں
+ آپ کو بہترین ممکنہ دیکھ بھال مل جاتی ہے

تربیت یافتہ مترجم کا استعمال بہترین ہے۔ تربیت یافتہ مترجم وہ ہوتا ہے جو:

+ انگریزی اور آپ کی پسندیدہ زبان دونوں میں ماہر ہے
+ آپ کی ثقافت کے بارے میں جانتا ہے
+ آپ اور ڈاکٹر کو ایک دوسرے کو سمجھنے میں مدد کرنے کے لیے خصوصی تربیت رکھتا ہے

کچھ لوگ ڈاکٹروں سے بات کرنے میں مدد کے لیے کسی دوست یا فیملی ممبر بشمول بچوں سے پوچھتے ہیں۔ تاہم، اُنہیں عام طور پر طبی مترجم بننے کی تربیت نہیں دی جاتی۔ ہم صرف ایک تربیت یافتہ طبی مترجم کے استعمال کی سفارش کرتے ہیں۔

میں مترجم کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

+ اپنے فون پر ایپ کا استعمال کریں یا اپنے ساتھ ایک کارڈ رکھیں جس میں لکھا ہو کہ آپ کونسی زبان بولتے ہیں اور اسے اپنی ہیلتھ کیئر ٹیم کو دکھائیں۔
+ ہیلتھ کیئر ٹیم کو بتائیں کہ آپ ایک مترجم چاہتے ہیں۔

جب تربیت یافتہ مترجم استعمال نہیں کیا جاتا تو ایسی سنگین غلطیاں جو مریض کی صحت پر اثر ڈال سکتی ہیں کا امکان دو گنا بڑھ جاتا ہے۔

میں کچھ انگریزی بولتا ہوں۔ کیا میں اب بھی مترجم حاصل کر سکتا ہوں؟

ہاں! چاہے آپ کچھ انگریزی بولتے ہوں، یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی صحت سے متعلق معلومات اپنی پسندیدہ زبان میں سنیں۔ بعض اوقات طبی الفاظ کو آپ کی اپنی زبان میں سمجھنا آسان ہوتا ہے۔

ہم 3 قسم کی تشریح پیش کرتے ہیں:

ٹیلیفون

ویڈیو

ذاتی طور پر

ہو سکتا ہے کہ ان میں سے کچھ اختیارات ہمیشہ دستیاب نہ ہوں، مگر آپ اپنی نگہداشتِ صحت کی ٹیم کو مطلع کر سکتے ہیں کہ آپ کی ترجیح کون سی ہے۔